سوال

معذور شخص کے متعلق حکم جو احرام نہ باندھ سکتا ہو

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایسا معذور شخص جو احرام کے کپڑے نہ پہن سکتا ہو، وہ کیا کرے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جب انسان احرام کے کپڑے نہ پہن سکتا ہو تو وہ کوئی دوسرا ایسا لباس پہن لے جسے وہ پہن سکتا ہو اہل علم کے نزدیک اس صورت میں اس کے لیے واجب ہے کہ ایک بکری ذبح کر کے مکہ کے فقرا میں تقسیم کر دے، یا چھ مسکینوں کو نصف صاع فی کس کے حساب سے کھانا کھلا دے یا تین روزے رکھ لے۔ اس مسئلہ میں اہل علم کا یہی قول ہے اور یہ سر کے بال منڈانے کے مسئلہ پر قیاس کی بنیاد پر ہے کہ اس کے بارے میں ارشاد باری تعالیٰ ہے :

فَمَن كانَ مِنكُم مَريضًا أَو بِهِ أَذًى مِن رَأسِهِ فَفِديَةٌ مِن صِيامٍ أَو صَدَقَةٍ أَو نُسُكٍ ... سورة البقرة ١٩٦

''اور اگر کوئی تم میں بیمار ہو یا اس کے سر میں کسی طرح کی تکلیف ہو، پھر اگر وہ سر منڈا لے تو اس کے بدلے روزے رکھے یا صدقہ دے یا قربانی کرے۔''

روزے اور صدقے کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہی تفصیل بیان فرمائی ہے جو ہم نے قبل ازیں ذکر کی ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ارکان اسلام

عقائد کے مسائل : صفحہ 424